سوال

(89) اقامت کہنے والا کہاں کھڑا ہو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جماعت کھڑی ہونے پر دائیں طرف سے اقامت کہنا ضروری ہے یا مستحب؟ صف میں بائیں طرف کھڑا شخص اقامت کہے تو لوگ اعتراض کرتے ہیں۔ (محمد صدیق سلفی، ایبٹ آباد)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی حدیث میں یہ تعین نہیں ہے کہ اقامت بائیں طرف سے نہ کہی جائے لہٰذا دائیں طرف ہو یا بائیں طرف یا امام کے بالکل پیچھے، ان سب حالتوں میں اقامت کہنا جائز ہے۔ ان میں سے کسی ایک حالت پر لوگوں کا اعتراض صحیح نہیں ہے۔ بائیں طرف (اقامت) کو مکروہ کہنا بلا دلیل ہے۔ (شہادت، اکتوبر 2000ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔ کتاب الاذان۔ صفحہ251

محدث فتویٰ